برصغیر پاک و ہند کی سرزمین علمی اعتبار سے بڑی زرخیز ہے اور اس کے بلاد و امصار میں ہمیشہ علم کی قدر کی گئی اور علمائے کرام کو عزت کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے۔ یہاں تک کہ بادشاہوں کے دربار میں بھی اُن کو انتہائی بلند مقام حاصل رہا ہے۔ لیکن اس کے مقابلے میں علماء نے بھی اپنے وقار کو بحال رکھا اور بادشاہوں کی بے جا حمایت سے گریز کیا۔ یہ کتاب ہمارے دینی ادب میں قابلِ قدر اضافہ ہے۔

---

**اسلام کا نظامِ عفت و عصمت**

مؤلف: مولانا محمد ظفیر الدین صاحب رفیق ندوۃ المصنفین دلی

شائع کردہ: مکتبہ نذیریہ قینچی امرسدھو۔ فیروز پور روڈ۔ لاہور

صفحات: ۳۹۶ قیمت: -/۱۶ روپے

زیر تبصرہ کتاب اسلام کے نظام عفت و عصمت پر ایک جامع اور فکر انگیز تصنیف ہے جس کو علمی حلقوں میں بہت پذیرائی ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اب تک اس کے متعدد ایڈیشن شائع ہو کر بک چکے ہیں۔ اب مکتبہ نذیریہ لاہور نے اسے شائع کیا ہے۔ کتابت و طباعت کا معیار عمدہ ہے۔

---

(بقیہ رسائل و مسائل)

معلومات ہم پہنچائیں تو شکر گزار رہوں گا۔

۸۔ جماعت اسلامی سے تعلق رکھنے والوں کی شرکت ایسی مجالس میں اس غرض کے لیے ہوتی ہے کہ اسلام کا اصلی نقطۂ نظر لوگوں کے سامنے پیش کیا جائے، اور اگر کوئی غلط نقطۂ نظر پیش کیا جا رہا ہو تو اس کی اصلاح کے لیے کوشش کی جائے۔ میرے علم میں یہ بات پہلی مرتبہ آئی ہے کہ ایسی کسی کانفرنس میں ہمارے کسی آدمی کی شرکت کسی حکومت کی پالیسیوں کو جواز فراہم کرنے کے ہم معنی ہوتی ہے۔

---



© rasailojaraid.com